مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد

PardazeshPub.com

312

B

نام

نام خانوادگی

محل امضاء

اگر دانشگاه اصلاح شود مملکت اصلاح می‌شود.
امام خمینی (ره)

صبح پنجشنبه
۸۹/۱۱/۲۸

جمهوری اسلامی ایران
وزارت علوم، تحقیقات و فناوری
سازمان سنجش آموزش کشور

آزمون ورودی دوره‌های کارشناسی ارشد ناپیوسته داخل ـ سال ۱۳۹۰

زبان و ادبیات اردو ـ کد ۱۱۲۹

تعداد سؤال: ۱۲۰ — مدت پاسخگویی: ۱۲۰ دقیقه

عنوان مواد امتحانی، تعداد و شماره سؤالات

ردیف	مواد امتحانی	تعداد سؤال	از شماره	تا شماره
۱	ادبیات منظوم	۳۰	۱	۳۰
۲	متون تخصصی	۲۰	۳۱	۵۰
۳	ادبیات منثور	۲۵	۵۱	۷۵
۴	دستور زبان تخصصی اردو	۲۵	۷۶	۱۰۰
۵	تاریخ ادبیات اردو	۱۰	۱۰۱	۱۱۰
۶	ترجمه متون سیاسی، فرهنگی، ادبی و اجتماعی	۱۰	۱۱۱	۱۲۰

بهمن ماه سال ۱۳۸۹

استفاده از ماشین حساب مجاز نمی‌باشد.

PardazeshPub.com

آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست

مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد

PardazeshPub.com

۱۔ ذیل کے شعر میں، شاعر کا مقصد کیا ہے؟

اٹھ گیا بھمن و دے کا چمنستان سے عمل　　تیغ اردی نے کیا ملک خزاں مستأصل

۱) بھمن اٹھ کر چمنستان سے چلا گیا ہے، چونکہ اُردی نے اسے اپنی تلوار سے ڈرایا ہے۔

۲) بھمن ودے کی وجہ سے چمن بھی ان کی طرح عمل کرتا ہے اور اُردی بہشت اپنی تلوار کے باوجود خزان کے سامنے مستأصل ہے۔

۳) موسم خزان، بھمن ودے کے مہینوں میں زوروں پر ہوتا ہے اور اُردی بہشت جو بہار کا مہینہ ہے، اس موسم کے سامنے کچھ کر نہیں سکتا ہے۔

۴) موسم بہار کے آنے کی وجہ سے، اب موسم خزان کی عملداری کا موقع ختم ہو گیا ہے اور موسم بہار کے سامنے موسم خزان بے بس ہو کر رہ گیا ہے۔

۲۔ کونسی بات اردو پابند نظم کی خصوصیات میں شمار نہیں ہوتی؟

۱) پابند نظم میں موضوع کی قید ہوتی ہے۔　　۲) پابند نظم کے لیے کسی خاص بحر کی ضرورت ہوتی ہے۔

۳) پابند نظم میں قافیہ وردیف کی پابندی ہوتی ہے۔　　۴) پابند نظم کو ایک خاص ہیئت میں لکھنا چاہیے۔

۳۔ذیل کے اردو شعراء میں سے "ایران میں اجنبی" کس کا مجموعۂ کلام ہے؟

۱) اصغر گونڈوی　　۲) ن.م راشد　　۳) علامہ اقبال　　۴) مجید امجد

٤۔ بیسویں صدی میں، اردو شعراء میں سے کونسے شاعر کو "غالب شکن" کے نام سے یاد کیا جاتاہے؟

۱) علامہ اقبال　　۲) حسرت موہانی　　۳) الطاف حسین حالی　　۴) مرزا یاس یگانہ چنگیزی

٥۔"شمع وشاعر" کی نظم میں سے ذیل کے شعر میں علامہ اقبال نے، شمع کی زبان سے مسلمانوں کی کونسی خامی کی طرف اشارہ کیا ہے؟

وائے ناکامی متاع کارواں جاتا رہا　　کارواں کے دل سے احساس زیاں جاتا رہا

۱) مسلم قافلے کے مال وسامان لوٹے جا رہے ہیں اور اس پر مزید افسوس ناک بات یہ ہے کہ ان کے دل میں نقصان وضرر کا احساس ختم ہوتا جا رہا ہے اور وہ بے حس ہو رہے ہیں۔

۲) ایک کاروان منزل کی طرف نکل گیا، لیکن اس کا کچھ سامان زمین پر رہ گیا، اب کچھ لوگ اس نقصان کے لیے دل سے اُداس ہیں۔

۳) آہ وواویلا کہ کاروان چلا گیا اور میرا مال ومتاع بھی اس کے ساتھ چلا گیا، اب مجھے دل سے اس کے ضرر وزیان کا احساس ہے۔

۴) مسلم قافلہ آگے چلا جاتا ہے اور کاروان والوں کے سامان، اُن کے لیے دل سے عزیز ہیں۔

٦۔ذیل کے شعر میں کونسی صنعتیں نظر آتی ہیں؟

ملک سجدہ نہ کرتے آدم خاکی کو گر اُس کی　　امانت دارِ نورِ احمدی ہوتی نہ پیشانی

۱) استعارہ۔تلمیح　　۲) تشبیہ۔ترصیع　　۳) تلمیح۔مراعات النظیر　　۴) کنایہ۔ایہام

PardazeshPub.com

آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست

مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد

۷۔درج ذیل شعر کا مفہوم ، کونسے شعر کے مفہوم کے ساتھ بنتا ھے؟

ارض و سما کہاں تیری وسعت کو پا سکے؟ میرا ھی دل ھے وہ کہ جہاں تو سما سکے

۱) دلِ عاشق کی بے قراری کو وہی سمجھے جو کہ محرم ہے

۲) سو بار سوزِ عشق نے دی آگ، پرہنوز دل وہ کباب تھا کہ جگر خام رہ گیا

۳) قاصد نہیں یہ کام تیرا، اپنی راہ لے اس کا پیام دل کے سوا کون لا سکے؟

۴) میں اپنا درد دل چاہا کہوں جس پاس عالم میں بیان کرنے لگا قصہ وہ اپنی ہی خرابی کا

۸۔بیسویں صدی میں، جدید نظم کے دَور میں، کن شعراء نے اردو غزل کی ساکھ دوبارہ قائم کی؟

۱) ن۔م راشد، مجید امجد، علامہ اقبال، ناصر کاظمی ۲) حسرت موہانی، اصغر گونڈوی، فانی بدایونی، جگر مرادآبادی

۳) احمد ندیم قاسمی، ڈاکٹر وزیر آغا، مرزا غالب، الطاف حسین حالی ۴) الطاف حسین حالی، محمد حسین آزاد، شبلی نعمانی، اصغر گونڈوی

۹۔درج ذیل کے شعر میں کونسی ضنعتیں پائی جاتی ھیں؟

ہجر کی شب ہوچکی روز قیامت سے دراز دوش سے نیچے نہیں اُترے ابھی گیسوئے دوست

۱) تشبیہ۔تجنیس۔کنایہ ۲) تضاد۔تلمیح۔تشبیہ ۳) توشیح۔کنایہ۔استعارہ ۴) تضاد۔مراعات النظیر۔ترصیع

۱۰۔درج ذیل کا قول، اردو شعراء میں سے کونسے شاعر کے بارے میں مشہور ھے؟

"قدیم کلاسیکی نقادوں اور تذکرہ نویسوں نے انھیں عام لوگوں میں گھلا ملا دیکھ کر، سوقی اور بازاری شاعر کہہ دیا اور نئے نقادوں نے انھیں دورِ جدید کا بانی، واقعیّت پسند اور جمہوریّت کا علمبردار قرار دے دیا۔"

۱) میر تقی میر ۲) الطاف حسین حالی ۳) مرزا محمد رفیع سودا ۴) نظیر اکبرآبادی

۱۱۔درج ذیل شعر میں "وحدت الوجودی" صوفیا کا عقیدہ ظاھر ھے۔اس شعر کا مفہوم کونسے شعر کے ساتھ بنتا ھے؟

گل و آئینہ کیا؟ خورشید ومہ کیا؟ جدھر دیکھا تدھر تیرا ھی رو تھا

۱) باغ و بہار و نکہت گل و پھول سب ہی تو ہے یاروں کی ہے نظر میں یہ رنگ سارے تیرے

۲) کیا دل فریب جائے ہے آفاق ہمنشیں! دو دن کو یاں جو آئے، سو برسوں نہ جاسکے

۳) کیا رنگ و بو و بادِ سحر، سب ہیں گرم راہ کیا ہے اس چمن میں، ہے ایسی چلا چلی

۴) یہ مسائل تصوف، یہ تیرا بیان غالب! تجھے ہم ولی سمجھتے، جو نہ بادہ خوار ہوتا!

۱۲۔ذیل کے شعر کا مفہوم کونسے شعر سے الگ ھے؟

کی مرے قتل کے بعد اس نے جفا سے توبہ ھائے اُس زود پشیماں کا پشیماں ھونا!

۱) جان سے ہو گئے بدن خالی جس طرف تو نے آنکھ بھر دیکھا

۲) وہ آئے ہیں پشیماں لاش پر آپ تجھے اے زندگی لاؤں کہاں سے؟

۳) ظالم جفا جو چاہے سو کر مجھ پہ تو و لے پچھتاوے پھر تو آپ ہی ایسا نہ کر!

۴) کر کے زخمی مجھے نادم ہوں، یہ ممکن ہی نہیں! گر، وہ ہوں گے بھی تو بے وقت پشیماں ہوں گے

PardazeshPub.com

آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست

مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد

PardazeshPub.com

۱۳۔اردو کے کلاسیکی عہد کے شعراء میں سے، وہ کونسا شاعر ھے جس کے بارے میں کہا گیا تھا:

"...اُن کی غزل کا موضوع صرف عشق و محبّت کی باتیں،وصل وفراق کے قصے ھی ھیں...رنگ تغزّل میں اُن کا کلام ، اُس چیز سے پاك ھے جس کو تصوّف یا عشق حقیقی سے موسوم کیا جاتا ھے."

۱) میر تقی میرؔ ۲) نظیر اکبر آبادی ۳) مؤمن خان مؤمنؔ ۴) مرزا اسداللہ خان غالبؔ

۱٤۔فارم اور ظاھری شکل کے اعتبار سے اور مضامین کے اعتبار سے، قصیدے کی کتنی قسمیں ھوتی ھیں؟

۱) بہاریہ ومدحیہ،ظاہری شکل کے اعتبار سے۔ہجویہ ہزلیہ اور وعظیہ مضامین کے اعتبار سے

۲) خطابیہ،مدحیہ اور تمہیدیہ ظاہری شکل کے اعتبار سے۔ہجویہ،وعظیہ اور بیانیہ مضامین کے اعتبار سے

۳) ہجویہ اور مدحیہ ظاہری شکل کے اعتبار سے۔خطابیہ،تمہیدیہ اور وعظیہ مضامین کے اعتبار سے

۴) مدحیہ وبیانیہ فارم وظاہری شکل کے اعتبار سے۔خطابیہ،تمہیدیہ اور وعظیہ مضامین کے اعتبار سے

۱۵۔ غالب کے درج ذیل شعر میں، محبوب کی کونسی صفت کی طرف اشارہ ھوا ھے؟

آہ کو چاھیے ایك عمر اثر ھونے تك کون جیتا ھے تیری زلف کے سر ھونے تك؟

۱) محبوب کی کم عمری اور اس کی نرم دلی کی طرف اشارہ ہوا ہے۔

۲) محبوب کی نرم دلی اور اس کی زلفوں کی سیاہی کی طرف اشارہ ہوا ہے۔

۳) محبوب کی سنگدلی اور اس کی زلف کی درازی کی طرف اشارہ ہوا ہے۔

۴) محبوب کی خوبصورتی اور اس کی زلف کی کوتاہی کی طرف اشارہ ہوا ہے۔

۱٦۔علم بیان کی اصطلاح میں:

"جب کوئی لفظ اپنے مجازی معنوں میں استعمال ھو اور اُس کے حقیقی معنیٰ بھی مراد لیے جاسکیں"

تو اسے کیا کہتے ھیں؟

۱) تشبیہ ۲) استعارہ ۳) ایہام ۴) کنایہ

۱۷۔ اردو ادب میں قصیدہ نگاری کی بُلندیوں پر کونسے شعراء کے نام نظر آتے ھیں؟

۱) مصحفی ہمدانی، شیخ امام بخش ناسخ، فیض احمد فیض، شیخ محمد ابراہیم ذوق ۲) محمد حسین آزاد، خواجہ حیدر علی آتش، مرزا سودا، ن.م راشد

۳) مرزا سودا، شیخ محمد ابراہیم ذوق، غالب دہلوی، مؤمن خان مؤمن ۴) ولی دکنی، شیخ امام بخش ناسخ، داغ دہلوی، علامہ اقبال

۱۸۔ذیل کے شعر میں میر تقی میرؔ نے اپنے آپ کو کس چیز سے تشبیہ دی ھے؟

ٹك میرؔ جگر سوختہ کی جلد خبر لے! کیا یار بھروسا ھے چراغ سحری کا

۱) یار سے تشبیہ دی ہے۔ ۲) چراغ سحری سے تشبیہ دی ہے۔

۳) یار کے بھروسے سے تشبیہ دی ہے ۴) میر جگر سوختہ سے تشبیہ دی ہے۔

PardazeshPub.com

آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست

مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد

PardazeshPub.com

۱۹۔ ذیل کے شعر کی رو سے یہ بتائیے کہ برّصغیر کی تقسیم کے اثرات کی داخلی کیفیتوں کی نمائندگی، غزل کی صنف میں، کونسے شاعر نے سب سے بہتر کی ہے؟

گلی گلی آباد تھی جن سے کہاں گئے وہ لوگ   دلّی اب کے ایسی اجڑی گھر گھر پھیلا سوگ

۱) ناصرکاظمی   ۲) مولانا ظفر علی خاں   ۳) حفیظ جالندھری   ۴) فیض احمد فیض

۲۰۔ ذیل کے شعر میں ارکان تشبیہ کی نشاندھی کیجیے:

بدر ساں اب آخر آخر چھا گئی مجھ پر یہ آگ   ورنہ پہلے تھا مرا جوں ماہِ نو دامن جلا

۱) بدر: مشبہ   میں: مشبّہ بہ   ساں: وجہ شبہ   روشنی: ادات تشبیہ

۲) بدر: مشبہ   میں: مشبّہ بہ   روشنی: وجہ شبہ   ساں: ادات تشبیہ

۳) میں: مشبہ   روشنی: مشبّہ بہ   بدر: وجہ شبہ   ساں: ادات تشبیہ

۴) میں: مشبہ   بدر: مشبّہ بہ   روشنی: وجہ شبہ   ساں: ادات تشبیہ

۲۱۔ حسرت موہانی کے اس شعر میں "محبّت" اور "جان ودل" کو کن کن چیزوں سے تشبیہ دی گئی ہے؟

کیوں نہ ہو تیری محبّت سے منوّر جان و دل   شمع جب روشن ہوئی، گھر میں اُجالا کر دیا

۱) ''محبت'' کو ''شمع'' سے اور ''جان ودل'' کو ''گھر'' سے تشبیہ دی گئی ہے۔

۲) ''محبت'' کو ''اجالا'' سے اور ''جان ودل'' کو ''شمع'' سے تشبیہ دی گئی ہے۔

۳) ''گھر'' کو ''محبوب'' سے اور ''محبّت'' کو ''شمع'' سے تشبیہ دی گئی ہے۔

۴) ''شمع'' کو ''گھر'' سے اور ''جان ودل'' کو ''اُجالے'' سے تشبیہ دی گئی ہے۔

۲۲۔ ذیل کے شعر میں کونسی صنعتیں پائی جاتی ہیں؟

ایماں مجھے روکے ہے، جو کھینچے ہے مجھے کفر   کعبہ میرے پیچھے ہے، کلیسا میرے آگے

۱) لف ونشر غیر مرتب۔ مراعات النظیر   ۲) لف ونشر مرتب۔ استعارہ

۳) لف ونشر غیر مرتب۔ تضاد   ۴) لف ونشر مرتب۔ تضاد

۲۳۔ کونسی بات رباعی اور قطعے میں فرق کی وضاحت کرتی ہے؟

۱) رباعی ہمیشہ مخصوص اوزان میں کہی جاتی ہے، جبکہ قطعے کے لیے کوئی وزن مخصوص نہیں، اس پر مزید رباعی ہمیشہ دو شعروں پر مشتمل ہوتی ہے، جبکہ قطعے کے اشعار کی تعداد مقرر نہیں۔

۲) قطعے میں وزن وموضوع کی پابندی کرنی ہوتی ہے، جبکہ رباعی میں صرف حکیمانہ اور اخلاقی امور سے اعتنا کیا جاتا ہے۔

۳) رباعی میں زوج کے مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں۔ جبکہ قطعے میں پہلے مصرعے کا قافیہ زوج کے مصرعوں سے ہم قافیہ ہوتا ہے۔

۴) رباعی میں تشبیب وگریز کے حصے ہوتے ہیں اور قطعے میں صرف چار مصرعے ہوتے ہیں۔

۲۴۔ ذیل کے عنوانات میں سے کونسا عنوان ن۔م راشد کی شاعری کے عنوانات میں شمار ہوتاہے؟

۱) پابند نظم۔ رباعی   ۲) غزل۔ قصیدہ   ۳) سانیٹ۔ آزاد نظم   ۴) سانیٹ۔ نثری نظم

PardazeshPub.com

آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست

مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد

PardazeshPub.com

۲۵۔ذیل کی اصناف شاعری میں سے کونسی صنف میں، عام طور پر هر شعر بجائے خود ایک آزاد اور مکمل اکائی هوتاهے؟

۱)مثنوی ۲)غزل ۳)سانیٹ ۴)رباعی

۲۶۔علامه اقبال کے خیال میں افرنگ کی چمک کی کیا وجه هے؟ اور اس نور اور چمک کی اهمیت کیا هے؟

نه کر افرنگ کا اندازه اس کی تابناکی سے — که بجلی کے چراغوں سے هے اس جوهر کی برّاقی

۱)یورپ کی تابناکی ہی اس کی اہمیت اور اصلیت کے لیے کافی ہے۔اس کا اندازہ،اس کے بجلی کے چراغوں سے لگایا جاسکتا ہے۔

۲)اگر مغرب کا جوہر دیکھنا ہے تو اس کے روشن چراغوں کو دیکھ!اس کے بجلی کے چراغ،اس کی تابناکی کا اندازہ دکھانے کے لیے کافی ہیں۔

۳)افرنگ میں بجلی کے چراغ اس قدر زیادہ ہیں کہ جن کی وجہ سے اس کے جوہر کی برّاقی اور چمک،سامنے آگئی ہے،اس لیے اس کی تابناکی کا اندازہ لگانا مشکل نہیں

۴)مغرب کی نورانیت اور تابناکی،اس کے بجلی کے چراغوں سے ہے اور ان کی کوئی گہرائیت اور اصلیت نہیں۔اس لیے اس ظاہری زرق و برق نے،اس کے تاریک باطن کو نظروں سے دور کردیا ہے۔

۲۷۔اس شعر کا مفهوم، درج ذیل کونسے شعر کے مفهوم سے قریب هے؟

یه مجھ سے کس طرح کی ضد،دل برباد کرتاهے؟ — میں جس کو بھولنا چاهوں، اسی کو یاد کرتاهے!

۱) خود بھی تصویر بن گئی نظریں — ایک صورت کو اس قدر دیکھا

۲) تو مجھ کو بھولتا نہ، و لے سچ ہے کیا کرے — تیرا بھی دل نہیں ہے ترے اختیار میں

۳) جو ہم سے وعدۂ دیدار یار ٹھہرے گا — تو کچھ نہ کچھ یہ دل بے قرار ٹھہرے گا

۴) بے خود سے تھے تو وقت کا یہ بھی فریب تھا — ہم اور تجھ کو دل سے بھلاویں کبھی نہیں

۲۸۔علامه اقبال کے نزدیک"حُسنِ معنی"کو"مشاطگی"کی کیوں ضرورت نهیں؟

مری مشاطگی کی کیا ضرورت حُسن معنی کو — که فطرت خودبخود کرتی هے لالے کی حنابندی

۱)مشاطگی اور آرائش دلہنوں کے لیے ضروری ہوتی ہے۔اس وجہ سے"معنی"کو آرائش کرنا غیر ممکن ہے۔

۲)لالے کی حنابندی،فطرت کے ذریعے ہوتی ہے،لیکن شاعری کو میری آرائش سے لالے کی طرح خوبصورت بنایا جاسکتا ہے۔

۳)جس طرح پھولوں کی رنگت،ان کی فطرت میں پوشیدہ ہے،اسی طرح"حُسنِ معنی"یعنی خود اقبال کی شاعری میں بھی خوش ادائی فطری ہے اور اسے آرائش و بناؤ سنگھار کی ضرورت نہیں ہے۔

۴)"حُسنِ معنی" تو لالے کی طرح نہیں ہے جس کی آرائش ہو سکے۔دراصل لالے کے پھول کو رنگا جاسکتا ہے،"حُسنِ معنی" کی آرائش بے معنی بات ہے۔

۲۹۔خواجه حیدر علی آتش اور شیخ امام بخش ناسخ کی شاعری کا تقابل کرتے هوئے، ان کے بارے میں ذیل کا کونسا قول صحیح هے؟

۱)ناسخ کی شاعری،زبان کی شاعری ہے اور آتش زبان کے علاوہ شاعری کے مواد کو بھی پیش نظر رکھتا ہے۔

۲)ناسخ کی شاعری لکھنوی شاعری کی روح لطیف ہے اور آتش کی شاعری صرف زبان کی صفائی اور لفظوں کی فصاحت ہے۔

۳)ناسخ اپنے عہد کا سب سے بڑا قصیدہ نگار تھا،جبکہ آتش قصیدہ نگاری میں نہیں،مثنوی کے میدان میں مشہور تھا۔

۴)آتش کی شاعری میں محض خارجی مضامین اور متعلقات حُسن کا ذکر موجود ہے،جبکہ ناسخ کے کلام میں جذبات نگاری اور خیال بندی اور مضمون آفرینی اعتدال کی حد میں موجود ہے۔

۳۰۔اردو ادب میں مرثیه نگاری کی صنف میں سب سے نمایاں نام کن کن شعراء کے هیں؟

۱)مرزا سودا اور مرزا غالب ۲)مرزا سودا اور مرزا دبیر ۳)میر انیس اور مرزا دبیر ۴)مرزا دبیر اور میر تقی میر

آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست

مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد

PardazeshPub.com

۳۱۔ذیل کا متن پڑھ کر، سوال نمبر ۳۱،اور سوال ۳۲ کے صحیح جوابات کی نشاندھی کیجیے:

"اب ڈاک گھر میں ایک صندوق مُنہ کھلا ہوا دھر دیا ھے جو جائے خط کو اس میں پھینکے اور چلا آئے۔نہ رسید، نہ مہر، نہ مشاھدہ۔خداجانے وہ خط روانہ ھوگا یا نہ ھوگا؟اگر روانہ بھی ھوا تو وھاں پھنچنے پر ڈاک کے ھرکارے کو انعام کا لالچ ، نہ سرکار کو محصول کی طمع۔نہ دیا ھرکارے کو یا دیا، ھرکارے نے نہ پھنچایا۔اگر خط نہ پھنچا تو بھیجنے والا کس دستاویز سے دعوی کرے گا؟مگر ھاں چار آنے دے کر رجسٹری کروائے۔"

سوال: مرزا غالب نے اپنے وقت کے ڈاک گھر کا کیا صورتحال بتایاھے؟

۱) ایک شخص صندوق کے پاس کھڑا ہوا ہے، جو خط کے پہنچتے ہی اس صندوق کا منہ کھولتا ہے۔

۲) ایک منہ کھلا صندوق وہاں رکھا گیا ہے، جس میں ہر خط کی اپنی مخصوص جگہ ہے۔

۳) ڈاک کا ایک صندوق ڈاک گھر میں مُنہ کھلا رکھا گیا ہے جس میں جو شخص چاہے، خط ڈالے۔

۴) ایک شخص صندوق کے پاس کھڑا رہتا ہے اور ہر خط کے اوپر مہر لگا تا ہوا، رسید بنا تا ہے۔

۳۲۔ اس متن کی رو سے مرزا غالب کو کس بات کا اندیشہ ھے؟

۱) یہ خدشہ رہتا ہے کہ ڈاک کے ہرکارے کو انعام دیا جائے یا نہیں؟

۲) صندوق میں خط ڈالنے کے لیے مخصوص جگہ ملے گی یا نہیں؟

۳) یہ خدشہ رہتا ہے کہ ڈاکیا کو خط پر مہر لگانے کا وقت مل جائے گا یا نہیں؟

۴) نئے طریقے سے جو خط بھیجنے کا انتظام کیا جاتا ہے، کیا صحیح ہے یا نہیں؟ کیا اس طرح خط مکتوب الیہ کو پہنچے گا یا نہیں؟

۳۳۔ذیل کے فقرے میں،"چُغل خور"، "سالوں"، "بھڑکایا تھا" اور "غصہ ٹھنڈا ھوا تھا" کے صحیح مفہوم کی نشاندھی کیجیے:

"**چُغل خور** نے کسان،اس کی بیوی اور اس کے **سالوں** کو ایک دوسرے کے خلاف **بھڑکایا** تھا اور اس کا **غصّہ ٹھنڈا ھوا** تھا۔"

۱) چغلی کھانے والا۔ بیوی کے بھائی۔ آگ جلانا۔ غم کھانا

۲) جعل ساز۔ شوہر کے بھائی۔ اشتعال دینا۔ ناراض ہونا

۳) چغلی کھانے والا۔ بیوی کے بھائی۔ مشتعل کرنا۔ ناراضگی ختم کرنا

۴) چغلی کھانے والا۔ بیوی کی بہنیں۔ اشتعال دینا۔ ناراضگی ختم کرنا

۳٤۔درج ذیل محاوروں کے معنی بتائیے:

"در در کی خاک چھاننا۔شش و پنج میں ھونا"

۱) مصیبت اٹھانا۔ تذبذب میں پڑ جانا

۲) تکلیف دینا اور اٹھانا۔ سوچ میں پڑ جانا

۳) جگہ جگہ خاک غربال کرنا۔ متحیر اور حیران رہ جانا

۴) جگہ جگہ کی ٹھوکریں کھانا۔ واضح و روشن فیصلہ کرنا

PardazeshPub.com

آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست

مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد

PardazeshPub.com

۳۵۔ذیل کے فقرے میں "جنم بھوم" اور "بساط" سے مراد کیا کیا ھے؟

علامہ اقبال کا قول ھے کہ:"ھر انسان فطری طور پر اپنی پیدائش کی جگہ(جنم بھوم)سے محبت رکھتا ھے اور بقدر بساط اس کے لیے قربانی کرنے کو تیار رھتاھے۔"

۱)وطن۔گشادگی ۲)سرزمین۔گنجائش ۳)سرزمین۔بساط کرنا ۴)جائے پیدائش۔حیات

۳۶۔"دنگ رہ جانا" اور "کانٹوں میں گھسیٹنا" کے محاوروں کے صحیح معانی پر نشان لگائیے۔

۱)خوش ہونا۔کانٹے سے کھانا کھانا ۲)متعجب ہونا۔کسی شخص کو کانٹوں پر لٹانا

۳)خوشحال ہونا۔کانٹوں کو جڑ سے اکھاڑنا ۴)حیران رہ جانا۔کسی کی تعریف کرنا اور اسے شرمندہ کرنا

۳۷۔ذیل کی عبارت پڑھ کر سوال نمبر ۳۷ سے لے کر ۳۹ کے صحیح جوابات کی نشاندھی کیجیے:

"آج چمپا کے دل میں شبہ کا وہ اکھوا جیسے ہُرا ھو کر لہلھا اٹھا۔صندوق میں کیا ھے؟یہ دیکھنے کے لیے اس کا دل بے قرار ھو گیا۔پرکاش اس کی چابی چھپا کر رکھتا تھا۔ایك دن ایك پھیری والا بساطی،پرانی چابیاں بیچنے انکلا۔چمپا نے اس تالے کی چابی خریدی اور صندوق کھول ڈالا۔'ارے یہ زیور ھیں؟'یہ کہاں سے آئے؟معاً اس کے دل میں خیال گزرا:'یہ زیور ٹھاکر صاحب کے تو نہیں؟'چیزیں تو وھی تھیں جن کا ذکر وہ کرتے رھتے تھے۔شرم اور ندامت سے اس کا سر جھك گیا۔"

سوال: کس کے پاس پُرانی چابیاں موجود تھیں؟

۱)چابیاں مرمت کرنے والے مستری کے پاس ۲)گلی کوچوں میں پھر کر سودا بیچنے والے کے پاس

۳)پرانے صندوق بنانے اور مرمت کرنے والے شخص کے پاس ۴)اپنی دکان میں بیٹھ کر مال بیچنے والے کے پاس

۳۸۔چمپا کا سر کیوں شرم اور ندامت سے جھك گیا؟

۱)اس کو یہ معلوم ہوا کہ پرکاش نے ٹھاکر صاحب کے زیورات کی چوری کی ہے۔

۲)اس کو یہ معلوم ہوا کہ ٹھاکر صاحب نے اپنے زیورات کو اس صندوق میں رکھا ہے۔

۳)چمپا نے پرکاش کی اجازت کے بغیر اس کا صندوق کھولا تو اس وجہ سے اس کو اپنے کام سے شرم آئی۔

۴)ٹھاکر صاحب نے صندوق کھولتے ہوئے، چمپا کو دیکھ لیا۔اس لیے اس کو ندامت کا احساس ہوا۔

۳۹۔چمپا کا دل کس وجہ سے بے قرار ھو گیا تھا؟

۱)یہ کہ پرکاش کئی دن سے گھر سے دور ایک دوسرے شہر میں گیا تھا۔ ۲)کیونکہ کئی دن سے پرکاش چابی بنانے کے لیے گھر سے نکلا تھا۔

۳)ٹھاکر صاحب اور پرکاش کے صندوق سے رقم چوری کرنے کے لیے۔ ۴)یہ کہ پرکاش نے صندوق میں کیا چُھپا رکھا ہے؟

۴۰۔پاکستان کے رسوم و رواج کے متعلق "جھنڈا اُتروائی" کا صحیح معنی کیا ھے؟

۱)کھال اُتارنے کی رسم ۲)نال کاٹنے کی رسم ۳)بال کاٹنے کی رسم ۴)منگنی و شادی بیاہ کی رسم

۴۱۔علامہ اقبال کے اس شعر میں "پانی پانی کر جانا" کا کیا مطلب ہوتا ھے؟

"پانی پانی کر گئی مجھ کو قلندر کی یہ بات تو جُھکا جب غیر کے آگے نہ تن تیرا نہ من"

۱)پانی پلانا ۲)مضبوط بننا ۳)شرمندہ ہونا ۴)معافی مانگنا

PardazeshPub.com

آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست

مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد

PardazeshPub.com

۴۲۔ اس عبارت میں "الف کے نام بے نہ جاننا" کی ضرب المثل کا مفہوم کونساھے؟

"لڑکیاں بھی اپنی ماں کے قدم بقدم ھیں۔آنکھوں میں شرم، مزاج میں آزرم، پاك نظر، نازو نعم پروردہ،یہ نہیں کہ الف کے نام بے نہ جانتی ھوں۔"

۱) ان پڑھ ہونا ۲) پڑھی لکھی ہونا ۳) بہت کند ذہن ہونا ۴) بُرے بھلے کا فرق نہ جاننا

۴۳۔ "ھراول دستے" کا کیا مطلب ھے؟

۱) بہت سے سپاہی جو لشکر کے وسط میں ہوں۔ ۲) سپاہیوں کی کم تعداد جو فوج کے پیچھے پیچھے چلے۔
۳) سپاہیوں کی تھوڑی سی تعداد جو فوج کے آگے آگے چلے۔ ۴) وہ سپاہی جنھوں نے گوریلا جنگ کی تربیت حاصل کی ہو۔

۴۴۔درج ذیل جملے میں "گھاس کودنا" کے محاورے کا صحیح مفہوم کونساھے؟

"میں ساٹھ سال دنیا میں کیا **گھاس کودتا** رھا ھوں؟"

۱) فالتو کام کرنا ۲) گھاس کاٹنا ۳) بے فائدہ کام کرنا ۴) عقل وشعور کے خلاف کام کرنا

۴۵۔درج ذیل جملے میں "کنوتیاں اٹھا بھاگ جانا" کا صحیح مفہوم کونساھے؟

"ایك روز شکار کھیلنے جنگل میں جاتے تھے، ھرن سامنے آیا۔چھوٹے بھائی نے تیر لگایا، کاری نہ لگا۔ھرن **کنوتیاں اٹھا بھاگا۔**"

۱) چوکنا ہونا ۲) سرپٹ بھاگنا ۳) غافل ہونا ۴) گر پڑنا

۴۶۔ درج ذیل جملے میں"گھی کے چراغ جلانا"کے محاورے کا صحیح مفہوم کونسا ھے؟

"پس آپ نے یہ خوشی کی خبر سنائی اور دلّی کے مسلمان اگر میری طرح آپ سے واقف ھوں تو ان کو گھروں میں گھی کے چراغ جلانے چاھئیں۔"

۱) منت پوری کرنا ۲) بہت خوشی منانا ۳) کسی بزرگ کے مزار پر چراغ جلانا ۴) تیل کے بجائے، چراغ میں گھی ڈالنا

۴۷۔"نلائی کرنا" کا مفہوم کونساھے؟

۱) فالتو شاخوں کی کٹائی ۲) فالتو گھاس اُکھیڑنا ۳) پودے کے اردگرد کی زمین نرم کرنا ۴) پودے کے فالتو پتوں کو توڑنا

۴۸۔ذیل کا متن پڑھ کر سوال نمبر ۴۸ سے ۵۰ تك کے صحیح جوابات کی نشاندھی کیجیے:

"ایك روز میر مھدی مجروحؔ پاس بیٹھے تھے اور مرزا پلنگ پر پڑے کُراہ رھے تھے۔میر مھدی مجروحؔ ان کے پاؤں دابنے لگے۔مرزا نے کھا بھئی تو سیّد زادہ ھے، مجھے کیوں گنہ گار کرتا ھے؟ وہ نہ مانے اور کھا: آپ کو ایسا خیال ھے تو پھر پیَر دابنے کی اُجرت دے دیجیے گا!مرزا نے کھا: ھاں اس میں مضائقہ نھیں۔جب میر مھدی نے پیَر داب چُکے تو انھوں نے اجرت مانگی۔ مرزا نے کھا:بھیّا کیسی اجرت؟ تم نے ھمارے پیر دابے، میں نے تمھارے پیسے دابے! حساب برابر ھوا۔"

سوال: میر مھدی مجروحؔ نے مرزا کے جسم کے درد کم کرنے کے لیے کیا کیا؟

۱) مرزا کو پلنگ پر سے اٹھانے کے لیے اس نے ایک پیر کی ٹہنی اٹھائی۔

۲) مرزا غالب کو کسی درخت پر باندھ کر اس کے پاؤں دابنے لگے۔

۳) میر مہدی مجروحؔ کسی درخت کو پکڑ کر دابنے لگے تاکہ مرزا خوش ہو جائے۔

۴) میر مہدی مجروحؔ نے ان کے پاؤں کو پکڑ کر دابنا شروع کیا تاکہ اس طرح ان کے جسم کے درد کچھ کم ہو جائے۔

PardazeshPub.com

آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست

مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد

PardazeshPub.com

۴۹۔مرزا غالب نے میر مہدی مجروح کے ساتھ اپنا حساب کیسا برابر سمجھا؟

۱) میر مہدی مجروح نے مرزا کے پاؤں داب ےاور مرزا نے ان کے پیسے نہ دیئے۔اس طرح حساب برابر ہوا۔

۲) میر مہدی مجروح اور مرزا کے درمیاں یہ طے پایا کہ مرزا بھی بعد میں میر مہدی مجروح کے پاؤں دابے گا۔

۳) میر مہدی مجروح نے پیر سے مرزا کو باندھ دیا،تو مرزا ناراض ہو کر اس کو پیسہ نہ دیا۔

۴) میر مہدی مجروح،پیسہ نہ لینے پر مرزا کے پاؤں دابنے پر راضی ہو گیا۔

۵۰۔مرزا نے میر مہدی مجروح کو پیر دابنے سے کیوں منع کیا؟

۱) چونکہ میر مہدی مجروح نے پیر دابنے کے لیے بڑی رقم کی درخواست کی تھی،اس لیے مرزا نے اس کو پیر دابنے سے منع کیا۔

۲) چونکہ میر مہدی مجروح ایک امیر خاندن سے تعلق رکھتا تھا،اس لیے مرزا نے اس کو پاؤں دابنے سے منع کیا۔

۳) چونکہ میر مہدی مجروح ایک سیدزادہ تھا اور مرزا کے خیال میں ایک سیدزادہ سے ایسا کام کروانا صحیح نہیں تھا۔

۴) چونکہ میر مہدی مجروح ایک ضعیف وناتواں شخص تھا اور اس سے پیر دابنا نہیں آتا،اس لیے مرزا نے منع کیا۔

PardazeshPub.com

آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست

مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد

PardazeshPub.com

۵۱۔"علامتیت" اور "تجریدیت" کونسے افسانہ نگار کی اہم خصوصیات میں شمار ہوتی ہیں؟

۱)مرزا ادیب ۲)کرشن چندر ۳)انتظار حسین ۴)بانو قدسیہ

۵۲۔درج ذیل، کونسے ناول میں لکھنؤ کی تہذیبی تصویر کشی بڑی خوبی ،تفصیل اور جامعیت سے پیش ہونے کے ساتھ ساتھ، مصنف کی ظریفانہ طبیعت کا شاہکار بھی دکھائی دیتا ہے؟

۱)فسانۂ آزاد ۲)فسانۂ عجائب ۳)فسانۂ مبتلا ۴)کامنی

۵۳۔فردوس بریں کے ناول میں "زمرد"، کس مقصد کے لیے "حسین" کے ساتھ سفر پر آئی تھی؟

۱)بھائی کی قبر تلاش کرنے کے لیے۔ ۲)اپنے بھائی کے قاتل کو ڈھونڈنے کے لیے۔

۳)بھائی کے قاتل کو سزا دینے کے لیے۔ ۴)اپنے بھائی کی قبر پر فاتحہ پڑھنے کے لیے۔

۵۴۔"دھلی کا ایک یادگار مشاعرہ" مرقع نگاری کے ضمن میں کس مصنف کا لکھا ہوا مضمون ہے؟

۱)الطاف حسین حالی ۲)مرزا فرحت اللہ بیگ ۳)مولانا محمد حسین آزاد ۴)نذیر احمد دہلوی

۵۵۔آنگن کی داستان کا محور کیا ہے؟

۱)ہندوستان کا بٹوارا ۲)ہندوستانیوں کے گھریلو جھگڑے

۳)مسلم لیگ اور کانگرس کا اختلاف نظر ۴)جمیل اور بڑے چچا کے نظریاتی اختلاف

۵۶۔کونسا عنصر، ناول اور داستان کے مشترکہ عناصر میں شمار نہیں ہوتا؟

۱)پلاٹ ۲)رومان ۳)تفصیل پسندی ۴)حقیقت پسندی اور حقیقت نگاری

۵۷۔منشی پریم چند کے کونسے ناول ، خاص طور پر ان کے سیاسی نظریات کی عکاسی کرتے ہیں؟

۱)کفن۔شکست ۲)بیوہ اور نرملا۔پریما ۳)میدان عمل۔چوگان ہستی ۴)ابن الوقت۔امراؤ جان ادا

۵۸۔ذیل کے افسانوی کرداروں میں سے کونسا کردار ایک مزاحیہ کردار پیش کرتا ہے؟

۱)صنوبر ۲)بدر منیر ۳)چچا چھکن ۴)امیر حمزہ

۵۹۔درج ذیل خصوصیات میں سے کونسی خصوصیت، "امراؤ جان ادا" کے ناول کی خاص خصوصیات میں شمار ہوتی ہے؟

۱)امراء و شرفاء میں دولت سمیٹنے کی طمع کا بہترین عکاس ۲)ہندوستانی مسلمانوں میں فرقہ واریت کے مذموم تصور کا بہترین عکاس

۳)لکھنوی معاشرے اور تہذیب کا بہترین عکاس ۴)ہندوستانی معاشرے میں ہندو مسلم تنازعہ کا بہترین عکاس

۶۰۔ "حلیہ نگاری" کونسی صنف ادب کی اہم خصوصیات میں شمار ہوتی ہے؟

۱)سوانح عمری ۲)رپورتاژ ۳)خاکہ نگاری ۴)آپ بیتی

PardazeshPub.com

آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست

مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد

PardazeshPub.com

۶۱۔سجاد حیدر یلدرم کی "خیالستان" کیسی تصنیف ہے؟

۱) ''خیالستان'' یلدرم کے شگفتہ وشاداب، بے ساختہ اور البیلے اسلوب کے مضامین ہیں۔

۲) ''خیالستان'' یلدرم کے اصلاحی مقاصد پر مشتمل مضامین ہے، جس کے ذریعے انہوں نے سوتی قوم کو بیدار کرنے کا ارادہ کیا تھا۔

۳) ''خیالستان'' یلدرم کی انشاء پردازی، گراں بار تخیل پردازی، شعری وسیلوں سے آراستہ اور مصورانہ اسلوب کی نمائندہ تصانیف میں شمار ہوتی ہے۔

۴) ''خیالستان'' یلدرم کی نمائندہ اور اردو کے جدید انشائی اور افسانوی ادب میں، بیسویں صدی کے اوائل کی بڑی تابندہ تالیف لطیف ہے۔

۶۲۔ذیل کی مذکورہ داستانوں میں سے کونسی داستان، "نوطرز مرصع" ھی کی کھانی ھے، لیکن اس کی زبان اور اس کا بیان الگ ھونے کی وجہ سے ایك اور داستان معلوم ھوتی ھے؟

۱) حیدر بخش حیدری کی آرائش محفل
۲) میر امن دہلوی کی باغ و بہار
۳) مظہر علی ولا کی ہفت گلشن
۴) خلیل خاں اشک کی داستان امیر حمزہ

۶۳۔ذیل کی مذکورہ اصناف میں سے کونسی صنف ادب کا انداز غیر رسمی ھوتا ھے اور اس صنف کے وسیع مطالعے کے بغیر اس کی پھچان ممکن نھیں ھوتی؟

۱) خاکہ نگاری
۲) انشائیہ
۳) آپ بیتی
۴) مزاح نگاری

۶۴۔کونسے الفاظ، ڈرامے کی تعریف کو مدنظر رکھتے ھوئے، خالی جگھوں کے لیے مناسب ھیں؟

"ڈراما......پر فطرت کی نقّالی کا ایك ایسافن ھے جس میں ...... کے ذریعے زندگی کے غیر معمولی اور غیر متوقع حالات کے عمل میں ...... کا مظاھرہ ،تماشائیوں کے روبرو ، ایك معیّن......اور مخصوص انداز میں کیا جاتا ھے۔"

۱) اسٹیج۔مصنف۔کھیل۔وقت
۲) اسٹیج۔کہانی۔مختلف روپ۔سال
۳) اسٹیج۔اداکاروں۔قوت ارادی۔وقت
۴) سکرین۔مختلف اداکاروں۔حرکات۔ہفتہ

۶۵۔"پطرس بخاری" کے مضامین، اردو کے نثری ادب میں، کن خصوصیات کے حامل سمجھے جاتے ھیں؟

۱) پطرس کے مضامین مرقع نگاری کی بہت عمدہ مثالیں پیش کرتے ہیں۔

۲) پطرس کے مضامین خالص مزاح کے بہترین نمونے پیش کرتے ہیں۔

۳) پطرس کے مضامین اردو ادب میں بہترین سفرناموں میں شمار ہوتے ہیں۔

۴) پطرس کے مضامین، اصلاحی مقاصد کے ضمن میں لکھے گئے مضامین کے زمرے میں شمار ہوتے ہیں۔

۶۶۔محققین کے خیال میں ،تنقید نگاری کی ابتدائی شکل کونسی ھے؟

۱) مرقع نگاری
۲) مضمون نگاری
۳) تذکرہ نویسی
۴) تدوین کا عمل

۶۷۔الطاف حسین حالی کے خیال میں کونسی بات "محاورہ" کے مفھوم سے مناسبت نھیں رکھتی؟

۱) محاورے کو شعر میں ایسا سمجھنا چاہیے جیسے کوئی خوبصورت عضو، بدن انسان میں۔

۲) محاورہ، ایسے افعال سے بھی ہوسکتا ہے جو صرف اپنے حقیقی معنوں میں استعمال ہوتے ہیں۔

۳) محاورہ دو سے زیادہ الفاظ میں پایا جاتا ہے، کیونکہ مفرد الفاظ میں محاورہ نہیں پایا جاتا ہے۔

۴) محاورہ ایسے افعال سے بھی بن سکتا ہے جو کسی اسم کے ساتھ مل کر اپنے حقیقی معنوں میں نہیں، بلکہ مجازی معنوں میں استعمال ہوتے ہیں۔

PardazeshPub.com

آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست

مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد

PardazeshPub.com

۶۸۔ "عجائبات فرنگ" اردو ادب میں کس اعتبار سے اہمیت رکھتا ھے اور اس کا مصنف کون ھے؟

۱) یوسف کمبل پوش کے عجائبات فرنگ کو اردو میں لکھے گئے سفرناموں میں اوّلیت کا درجہ حاصل ہے۔

۲) سرسید احمد خان کے عجائبات فرنگ کو اردو میں لکھے گئے خطوط میں، ایک اہم تصنیف کا درجہ حاصل ہے۔

۳) محمد حسین آزاد کے عجائبات فرنگ کو اردو میں لکھے گئے خاکوں میں سب سے اہم تصنیف کا درجہ حاصل ہے۔

۴) عظیم بیگ چغتائی کے عجائبات فرنگ کو اردو میں لکھی گئی سوانح عمریوں میں اوّلیت کا درجہ حاصل ہے۔

۶۹۔ ذیل کی عبارت میں "سوکھے دھانوں میں پانی پڑ گیا" اور "مولوی صاحب کی اندھیری زندگی میں دوبارہ روشنی آگئی" کے فقروں کا صحیح مفہوم کونسا ھے؟

"جب مارشل لا نافذ ھوا اور صدر ایوب بر سر اقتدار آئے، تو مولوی صاحب نے ان سے اپیل کی۔ صدر ایوب نے تمام باتوں کو نظر انداز کر کے انجمن اور لائبریری کو مولوی صاحب کے حوالے کردینے کا حکم دیا تھا، اس سے سوکھے دھانوں میں پانی پڑ گیا اور مولوی صاحب کی اندھیری زندگی میں دوبارہ روشنی آگئی۔"

۱) قلیل اجرت پر ذلیل کام کیا۔ گھر میں ایک چراغ روشنی کے لیے جلا دیا گیا

۲) چھلکے دار چاول کو پانی ملا دیا۔ امید کی روشنی دیکھنے میں آئی۔

۳) مایوسی کی حالت میں کام بن گیا۔ امید کی کرن نظر آئی۔

۴) چھلکے دار چاول سکھا دیا۔ خوش ہو گئے۔

۷۰۔ ڈاکٹر رفیع الدین ھاشمی کے نزدیک آپ بیتی کی مختلف شکلیں کونسی ھیں؟

۱) روزنامچہ۔ خاکہ۔ سوانح عمری

۲) رپورتاژ۔ خاکہ۔ سوانح عمری

۳) سوانح عمری۔ خاکہ۔ مرقع

۴) سفرنامہ۔ رپورتاژ۔ روزنامچہ

۷۱۔ بیسویں صدی کے آغاز میں رسالہ "مخزن" نے دبستان سر سید کی مادیت اور مقصدیت کے مقابلے میں کونسے عناصر کو فروغ دیا؟

۱) واقعیت اور عقلیت کے عناصر کو فروغ دیا۔

۲) ادبیت اور جمال پرستی کے عناصر کو فروغ دیا۔

۳) قنوطیت اور رجائیت کے عناصر کو فروغ دیا۔

۴) سنجیدگی اور بصیرت کے عناصر کو فروغ دیا۔

۷۲۔ وہ کونسا ڈراما تھا، جس نے اردو ڈرامے کو انقلاب سے دوچار کر دیا اور اس کا مصنف کون تھا؟

۱) طالب بنارسی کا ڈراما ''لیل و نہار''

۲) امانت لکھنوی کا ڈراما ''اندر سبھا''

۳) امتیاز علی تاج کا ڈراما ''انار کلی''

۴) آغا حشر کاشمیری کا ڈراما ''رستم و سہراب''

۷۳۔ ناول اور افسانے میں بنیادی فرق کونسی بات کا ھے؟

۱) افسانے میں وحدت تاثر پیدا کرنے کے لیے طوالت سے گریز کر کے، غیر ضروری تفصیلات سے اجتناب کیا جاتا ہے۔

۲) افسانے کی زبان بڑی رنگین اور پر تکلف ہوتی ہے، جبکہ ناول کی زبان سادہ اور کسی تکلف سے عاری ہوتی ہے۔

۳) افسانے کا پلاٹ پیچیدہ بنایا جاتا ہے اور ناول کا پلاٹ مختصر اور سادہ لکھا جاتا ہے۔

۴) افسانے میں مافوق الفطرت عناصر کا سہارا لیا جاتا ہے، جبکہ ناول میں یہ عناصر کسی طرح سے موجود نہیں ہوتے۔

PardazeshPub.com

آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست

مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد

PardazeshPub.com

۷۴۔اردو خطوط نویسی میں "رسمی خطوط" کونسے ہیں؟

۱) کسی سرکاری یا غیر سرکاری عہدیدار کے نام جو درخواستی خطوط لکھے جاتے ہیں، وہ رسمی خطوط کہلاتے ہیں۔

۲) وہ خطوط جن کا تعلق کسی نہ کسی حیثیت سے حکومت یا کسی سرکاری شعبے وغیرہ سے ہو، رسمی خطوط کہلاتے ہیں۔

۳) ایسے خطوط جن کا موضوع کاروباری معاملہ یا مسئلہ ہو۔ان معاملات اور مسائل کا تعلق اداروں، فرموں، کارخانوں اور دکانداروں وغیرہ سے ہوتا ہے۔

۴) علمی وادبی اور سیاسی وثقافتی تقریبات یا شادی بیاہ اور ایسی ہی دیگر تقریبات میں شرکت کے دعوتناموں کو، رسمی خطوط کا نام دیا جاتا ہے۔

۷۵۔عزیز احمدنے ذیل کا فقرہ کس مصنف اور اس کی کونسی تصنیف کے بارے میں کہا تھا؟

"شاید اردو نثر میں اور کہیں اس کمال سے مزاحیہ اسلوب، کردارنگاری کے لیے نہیں برتا گیا۔اس مضمون میں ان کی کی تحریر اور کردا رنگاری کی شوخی در اصل محبت کی شوخی ہے۔"

۱) ''نذیر احمد کی کہانی'' از مرزا فرحت اللہ بیگ

۲) ''آشفتہ بیانی میری'' از رشید احمد صدیقی

۳) ''ہاسٹل میں پڑنا'' از پطرس بخاری

۴) ''نیرنگ خیال'' از مولانا محمد حسین آزاد

PardazeshPub.com

آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست

مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد

PardazeshPub.com

۷۶۔درج ذیل کا کونسا فعل، فعل ماضی شکیہ مجہول میں شمار ہوتا ہے؟

۱) استانی کے ذریعے کلاس میں سبق پڑھائے گئے ہوں گے۔
۲) غیرملکی زبانوں کے کالج میں اردو پڑھاتی رہی ہوگی۔
۳) تہران کے شہر میں نئی نئی سڑکیں بنائی جاتی رہی ہوں گی۔
۴) پاکستان کی یونیورسٹیوں فارسی زبان بولی گئی ہوتی ہوگی۔

۷۷۔کونسا اسم، اسم مؤنث میں شمار نہیں ہوتی؟

۱) مالن ۲) حلوائی ۳) کمہاری ۴) اُستانی

۷۸۔ذیل کے جملے کا فعل کیسا فعل ہے؟

"ہمارے والد جان نے ضرور ان مزدوروں کو مزے دار کھانے کھلائے ہوں گے۔"

۱) فعل ماضی شکیہ استمراری ۲) فعل ماضی شکیہ ۳) فعل ماضی بعید استمراری ۴) فعل مضارع التزامی

۷۹۔اردو رموز واوقاف کے سلسلے میں، درج ذیل کی علامتوں کے اردو میں کیا نام ہیں؟

، ()

۱) ختمہ۔قوسین ۲) واوین۔ختمہ ۳) سکتہ۔تفصیلیہ ۴) سکتہ۔قوسین

۸۰۔درج ذیل عبارت میں کتنے مفعول موجود ہیں؟

"اس نے اپنی بہنوں اور اپنے بھائیوں کے لیے نئے نئے کپڑے اور جوتے اور اپنے ماں باپ کے لیے بازار سے مختلف چیزیں خرید کر کے، ان سب کو دے دیں۔"

۱) دومفعول ۲) تین مفعول ۳) چار مفعول ۴) پانچ مفعول

۸۱۔نیچے دئے گئے کلمات میں سے کونسا لفظ صفت فاعلی میں شمار ہوتا ہے؟

۱) غصیلا ۲) جوشیلا ۳) ہمدردانہ ۴) لٹیرا

۸۲۔ذیل کے فقروں میں سے جامد اور مشتق اسم، الگ کیجیے:

الف: عظیم، چلتی بس سے گرپڑا

ب: سوار محمد حسین رینگتے رینگتے دشمن کے علاقے میں گھس گئے۔

۱) اسم مشتق: چلتی،سوار۔اسم جامد: دشمن، رینگتے رینگتے
۲) اسم مشتق: دشمن،چلتی۔اسم جامد: رینگتے رینگتے،سوار
۳) اسم مشتق: سوار، دشمن، رینگتے۔اسم جامد: چلتی، رینگتے رینگتے
۴) اسم مشتق: چلتی، رینگتے رینگتے۔اسم جامد: سوار، دشمن

۸۳۔ کونسا لفظ،حاصل مصدر میں شمار نہیں ہوتا؟

۱) بھلائی ۲) اڑان ۳) لگاوٹ ۴) جان پہچان

۸۴۔اگر مصدر "لینا" سے فعل امر ضمایر امری تم اور آپ سے بنانا چاہیں، تو کونسا فقرہ صحیح ہے؟

۱) لو۔لیں ۲) لوو۔لیں ۳) لو۔لیں ۴) لیو۔لیں

PardazeshPub.com

آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست

مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد

PardazeshPub.com

۸۵۔حروف اضافه کی تاثیرات کے سلسلے میں کونسا جمله صحیح نهیں هے؟

۱) احمد اور اکبر کی بھائیوں کے اپنے گھروں میں تین بچیوں کی ٹوکریاں ہیں

۲) اس بچے کے کمرے میں پانچ میزیں اور چار کرسیاں موجود تھیں۔

۳) میری بہن کی کلاسوں کی میزوں پر طالب علموں کی بہت کتابیں موجود ہیں۔

۴) ان کے ماں باپ کی تصویریں، آپ کے کمرے کی دیواروں پر تھیں۔

۸۶۔ذیل کے دو فقروں میں اصلی اور امدادی افعال کی نشاندهی کیجیے:

الف:میں پهاڑ پر نهیں چڑھ سکتا۔

ب:اسلم آج لاهور آیا،لیکن اس کو پهر اسلام آباد جانا پڑا۔

۱) اصلی افعال: چڑھنا، پڑنا۔امدادی افعال: آنا، جانا،سکنا

۲) اصلی افعال: چڑھنا، آنا، جانا۔امدادی افعال:سکنا، پڑنا

۳) اصلی افعال: آنا، پڑنا۔امدادی افعال: چڑھنا،سکنا، جانا

۴) اصلی افعال: آنا،سکنا، پڑنا۔امدادی افعال: چڑھنا، جانا

۸۷۔فعل ماضی شرطیه مجهول کے متعلق درج ذیل کا کونسا جمله صحیح هے؟

۱) اگر کتابوں کی جلد بندی کی گئی جاتی ہوتی، تو وہ محفوظ رہتیں۔

۲) اگر اس یتیم لڑکے کو گالی دی جاتی، تو اس کا دل دُکھایا جاتا۔

۳) اگر مزدوروں کو کام پر لگا دیا ہوتا، تو وہ دل لگا کر کام کیا گیا ہوتا۔

۴) اگر ڈرائیور سے غلطی سرزد ہوتی جاتی تو اس کا لائسنس لے جایا ہوتا۔

۸۸۔"کِس" کے بارے میں درج ذیل کا کونسا جمله صحیح هوتا؟

۱) کِس نے یہ کتاب لائی تھی؟

۲) کِس مرد کلاس کے باہر کھڑا تھا؟

۳) کِس کتابوں پر مکھیوں کا آنا جانا تھا۔

۴) کِس نے یہ کام کیا ہے اور کِس نے یہاں زندگی گزاری تھی۔

۸۹۔ایسا جمله جو......، ......اور ......پر مشتمل هو،جملهٔ اسمیّه کهلاتا هے؟

۱) مبتدا، معدود، فعل ناقص

۲) فاعل، مفعول، فعل تام

۳) مبتدا، خبر، فعل ناقص

۴) مبتدا، صفت، فعل تام

۹۰۔اردو میں صفت وموصوف کے حوالے سے درج ذیل کا کونسا جمله صحیح هے؟

۱) اردو میں صفت پہلے آتی ہے، اس کے بعد موصوف آتا ہے اور دونوں جنس اور تعداد کے لحاظ سے مطابقت کرتے ہیں۔

۲) اردو میں موصوف پہلے آتا ہے اور اس کے بعد صفت آتی ہے اور دونوں جنس اور تعداد کے لحاظ سے مطابقت کرتے ہیں۔

۳) اردو میں صفت اور موصوف فارسی کی طرح آتے ہیں اور دونوں جنس اور تعداد کے لحاظ سے آپس میں مطابقت کرتے ہیں۔

۴) اردو میں صفت اور موصوف ساتھ آتے ہیں اور جنس اور تعداد کے لحاظ سے آپس میں مطابقت نہیں کرتے ہیں۔

PardazeshPub.com

آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست

مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد

PardazeshPub.com

۹۱۔ "جو" موصول کے بعد اگر حرف اضافہ آجائے، تو اس میں تبدیلی آتی ہے۔ درج ذیل کا کونسا فقرہ اس حوالے سے صحیح ہے؟

۱) جس گھر اور عمارتوں میں آپ رہتے ہیں، وہ سب کے سب میرے بھائی کی ہیں۔

۲) جس البموں میں آپ کی تصویر ہے، وہ اس البم میں ہے۔

۳) جن بچوں یہاں کام کرتے ہیں، ان کو اچھی تنخواہیں ملتی ہیں۔

۴) جس کمرے میں وہ لڑکا گیا، وہ میرے بھائی کا کمرا ہے۔

۹۲۔ اردو میں عدد و معدود کے متعلق درج ذیل کا کونسا جملہ صحیح ہے؟

۱) عدد اور معدود صرف جنس اور کیت کے لحاظ سے ایک دوسرے سے مطابقت کرتے ہیں۔

۲) عدد اور معدود صرف تعداد اور حالات کے لحاظ سے ایک دوسرے سے مطابقت کرتے ہیں۔

۳) عدد اور معدود جنس اور تعداد کے لحاظ سے ایک دوسرے سے مطابقت کرتے ہیں۔

۴) عدد اور معدود جنس اور تعداد کے لحاظ سے ایک دوسرے سے مطابقت نہیں کرتے ہیں، کیونکہ پہلے معدود اور اس کے بعد عدد آتا ہے۔

۹۳۔ درج ذیل کی کونسی صفت، صفت مقداری غیر معین میں شمار نہیں ہوتا؟

۱) کئی ۲) ذرا۔ ذرا سا ۳) تولہ۔ تولہ بھر ۴) تھوڑا۔ تھوڑا سا

۹۴۔ درج ذیل کا کونسا فقرہ، گرائمر کے لحاظ سے صحیح نہیں ہے؟

۱) اس نے آنا ہی پایا تھا کہ جھگڑا شروع ہوگیا۔ ۲) وہ اٹھنے ہی لگا تھا کہ کرسیاں گر پڑیں۔

۳) ہم کھانا کھانے ہی پا چکی تھیں کہ بارش شروع ہوگئی۔ ۴) انھوں نے سونا ہی شروع کردیا تھا کہ بارش شروع ہوئی۔

۹۵۔ افعال اجباری کے سلسلے میں کونسی بات صحیح نہیں؟

۱) فاعل ہمیشہ فاعلی شکل میں آتا ہے۔ ۲) فاعل ہمیشہ مفعولی شکل میں آتا ہے۔

۳) اصلی فعل ہمیشہ مصدری حالت میں استعمال ہوتا ہے۔ ۴) جملے کا فعل اور مصدر ہمیشہ جملے کے مفعول کی مطابقت سے آتا ہے۔

۹۶۔ کونسا جملہ فعل مستقبل استمراری مجہول میں شمار ہوتا ہے؟

۱) وہ لڑکیاں کلاس میں بلائی گئی ہوں گی۔ ۲) وہ لڑکیاں کلاس میں بلائی جاتی رہیں گی۔

۳) وہ لڑکیاں کلاس میں بلائی جاتی رہتی ہوں گی۔ ۴) وہ لڑکیاں کلاس میں بلائی رہتی ہوتی ہوں گی۔

۹۷۔ ذیل کے جملے کا فعل کیسا فعل ہے؟

"بکریوں کو چراگاہ میں چرایا جاتا رہے گا۔"

۱) آیندۂ سادۂ معلوم ۲) آیندۂ معلوم و مجہول ۳) آیندۂ استمراری مجہول ۴) آیندۂ سادۂ مجہول

۹۸۔ اردو میں اگر فعل، فعل لازم ہو تو جملے کا فعل ....

۱) صرف جنس کے لحاظ سے فاعل کے مطابق آتا ہے۔ ۲) جنس اور تعداد کے لحاظ سے فاعل کے مطابق آتا ہے۔

۳) جنس اور تعداد کے لحاظ سے مفعول کے مطابق آتا ہے۔ ۴) صرف تعداد کے لحاظ سے مفعول کے مطابق آتا ہے۔

PardazeshPub.com

آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست

مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد

PardazeshPub.com

۹۹- کونسا جملہ فعل ماضی شرطیہ میں شمار نہیں ہوتا؟

۱) اگر آپ کے ابو نے اچھی طرح کام کیا ہوتا، تو اچھی کمائی حاصل کر لیتا۔

۲) اگر احمد اور مریم آج کالج جائیں تو ہم انسے ملنے کی کوشش کریں۔

۳) اگر اس نے اپنا سبق پڑھا ہوتا تو ضرور امتحان میں کامیاب ہوتا۔

۴) اگر ان لڑکیوں نے اپنے لئے کھانے پکائے ہوتے تو ان کو بازار سے کھانا خرید نا نہ پڑجاتا۔

۱۰۰- کونسا جملہ "چاہیے" کے استعمال کے سلسلے میں صحیح ہے؟

۱) حکومت کو عوام کی بہبودی کے لیے نئی سڑکیں بنانی چاہیے تھے۔

۲) آپ کو ان کے کام میں روڑے اٹکانے نہیں چاہیے تھیں۔

۳) تجھے دوسروں کے کاموں میں مداخلت کی اجازت نہیں دینا چاہیے تھے۔

۴) کل اپنے بھائی کے ساتھ کالج جانا چاہیے تھا اور چٹھی لیٹر بکس میں ڈالنی چاہیے تھی۔

PardazeshPub.com

آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست

مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد

PardazeshPub.com

۱۰۱۔مندرجہ ذیل عبارات میں سے کونسی عبارت، انجمن پنجاب کے مقاصد میں شامل نہیں؟

۱) صنعت اور تجارت کی ترقی

۲) دیسی زبانوں کے ذریعے عوام میں تعلیم کا فروغ

۳) اردو زبان کو فارسی کی جگہ، علمی اور ادبی زبان کے طور پر قرار دینا

۴) مفاد عامہ کے تمام اقدامات میں صوبہ کے تعلیم یافتہ اور با اثر طبقوں کو حکومت کے افسروں سے قریب تر لانا۔

۱۰۲۔"حیدر علی آتش" اردو ادب میں ایک بڑے شاعر گزرے ہیں، ان کی شاعری کی خصوصیات کے متعلق کونسا جملہ صحیح نہیں؟

۱) رجائیت ۲) خارجیت پسندی ۳) غم و درد کی شاعری ۴) انسانی عظمت کا احساس

۱۰۳۔مرزا اسداللہ خان غالب کی شاعری کے مختلف ادوار کا مطالعہ کرتے ہوئے، آپ کے خیال میں وہ اپنی شاعری کے دور اوّل میں درج ذیل کے کونسے شعراء کے طرز سے زیادہ متأثر رہے؟

۱) طالب آملی۔ناصر علی سرہندی ۲) مرزا عبدالقادر بیدل دہلوی۔صائب تبریزی

۳) نظیری نیشاپوری۔خاقانی شروانی ۴) سراج الدین علی خان آرزو۔مرزا مظہر جان جاناں

۱۰۴۔اردو ادب میں "شیخ امام بخش ناسخ" کی خدمات کے حوالے سے درج ذیل کا کونسا جملہ صحیح ہے؟

۱) اس نے ریختے کو اردو کا نام دیا۔

۲) اس نے اردو کو ریختے کا نام دیا۔

۳) اس نے زبان میں بدزبانی کی خصوصیات کو شامل کیا۔

۴) اس نے الفاظ کی تانیث و تذکیر میں کوئی خاص قاعدے بنانے کی کوشش نہیں کی۔

۱۰۵۔قطب شاهی خاندن کے دور حکومت میں اسداللہ وجھی نے کونسی نثری کتاب لکھی؟

۱) علی نامہ ۲) نشاط روح ۳) قطب مشتری ۴) سب رس

۱۰۶۔کونسی خصوصیت اردو ادب میں رومانویت کی تحریک کی خصوصیات میں شامل نہیں ہوتی؟

۱) ماضی سے وابستگی ۲) تخیل کی فراوانی و شدت ۳) جذبات و احساسات پرزور ۴) حقیقت پسندی اور حقیقت پرستی

۱۰۷۔ذیل کے شعراء میں سے "لسان العصر" کونسے شاعر کا لقب ہے؟

۱) اکبر الہ آبادی ۲) حسرت موہانی ۳) اصغر گونڈوی ۴) علامہ اقبال

۱۰۸۔درج ذیل کی کونسی خصوصیت عادل شاهی دور ادب میں دکھائی نہیں دیتی؟

۱) شاعری میں تصوف پرزور

۲) غزلوں میں جنسی روایت کا نظر نہ آنا

۳) مرثیہ ایک مقبول صنف سخن کے طور پر سامنے آتا ہے۔

۴) اس دور میں عشق کا اظہار عورت کی طرف سے ہوتا ہے۔

PardazeshPub.com

آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست

مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد

PardazeshPub.com

۱۰۹۔ اردو ادب میں کونسی تحریک نے بے بس لوگوں کی زندگی اور ان کے موضوعات کو اپنا اصلی موضوع و مسئلہ بنایا؟

۱) ترقی پسند تحریک ۲) علی گڑھ تحریک ۳) حلقۂ ارباب ذوق کی تحریک ۴) فورٹ ولیم کالج کی تحریک

۱۱۰۔ ذیل کے شعراء میں سے کونسا شاعر خالص رومانوی شاعر کہلاتا ھے؟

۱) میراجی ۲) اختر شیرانی ۳) احسان دانش ۴) ن م راشد

PardazeshPub.com

آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست

مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد

PardazeshPub.com

۱۱۱۔ذیل کی عبارات کے صحیح ترجمے کی نشاندھی کیجیے:

"ذات انسان به گونه ای است که همیشه می خواسته از حوادث آینده مطلع باشد، امّا هیچ یك از مدّعیان پیشگویی نتوانسته اند به این نیاز انسان پاسخ گو باشند۔"

۱)انسانی فطرت کا تقاضا ہے کہ وہ ہمیشہ مستقبل میں پیش آنے والے حوادث سے مطلع رہنا چاہتا ہے۔لیکن پیشگوئی کرنے والے اس انسانی ضرورت کو پس پشت ڈال دیتے ہیں۔

۲)انسانی فطرت اس بات کی متقاضی ہے کہ مستقبل میں پیش آنے والے حادثوں سے باخبر رہے۔لیکن پیشگوئی کا دعوی کرنے والے اس انسانی ضرورت کو کوئی اہمیت نہیں دیتے۔

۳)انسانی فطرت کچھ ایسی ہے کہ وہ مستقبل میں پیش آنے والے حوادث سے مطلع رہنا چاہتا ہے،لیکن پیشگوئی کا دعوے کرنے والوں میں سے کوئی بھی اس انسانی ضرورت کا جواب نہ دے سکے۔

۴)انسانی جبلت کچھ اس قسم کی ہے کہ وہ ہمیشہ مستقبل میں پیش آنے والے حوادث سے باخبر رہنا پسند کرتا ہے،لیکن پیشین گوئی کرنے والے آج تک اس انسانی ضرورت کی اہمیت سے غافل رہے۔

۱۱۲۔درج ذیل کے صحیح اردو ترجمے پر نشان لگائیے:

"زن می گفت که من از کارهای تو سر در نمی آورم واز جایش هم جُم نخورد۔"

۱)عورت نے کہا: میں تیرے کاموں سے کچھ سمجھ نہیں سکتی۔وہ اپنی جگہ سے ہلا بھی نہیں۔

۲)عورت نے کہا: مجھے تیرے کاموں سے سوجھ بوجھ نہیں آتی۔وہ اپنی جگہ سے ہلی بھی نہیں تھا۔

۳)عورت نے کہا: میں تیرے کاموں سے سر باہر نہیں نکالتی۔وہ اپنی جگہ سے ہلتی بھی نہیں۔

۴)عورت نے کہا: مجھے تیرے کاموں کی کچھ سمجھ نہیں آتی۔وہ اپنی جگہ سے ہلی بھی نہیں۔

۱۱۳۔ درج ذیل کی اردو عبارت کا صحیح فارسی ترجمہ کونساھے؟

" ایرانی ھلال احمر نے پاکستان میں سیلاب سے متأثرین کے لیے،اگلا ھفتہ دو بحری جحازوں کے ذریعے امدادی سامان بھیجنے کا اعلان کیا ھے۔"

۱)هلال احمر ایران اعلام کرده است که طی دو هفته آینده،توسط دو فروند کشتی،وسایل کمکی برای سیل زدگان پاکستانی ارسال خواهد کرد۔

۲)صلیب سرخ ایران دو هفته پیش یک فروند کشتی حامل وسایل ضروری و مواد خوراکی به پاکستان ارسال کرد۔

۳)هلال احمر ایران درنظر دارد دو فروند کشتی شامل وسایل خوراکی ضروری به پاکستان ارسال کند۔

۴)صلیب سرخ ایران اعلام کرده است که تا هفته گذشته،دو کشتی حاوی وسایل برای کمک به مردم سیل زده پاکستان اعزام کرده است۔

PardazeshPub.com

آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست

مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد

PardazeshPub.com

۱۱۴۔ذیل کے فارسی متن کے، مختلف جملوں کے، اردو ترجمے پیش کیے گئے ہیں، کونسا جملہ اس متن سے مربوط نہیں ہے ؟

"در سال ۱۸۸۵م، یا اندکی پیش از آن، محمد حسین آزاد از مرگ دختر خود چنان متأثر شده بود که عقلا را شك بر جنون او پیش آمد۔ اما این حالت موقت بود۔مشغولیت های سیر وسیاحتی و کار تصنیف و تألیف از آن تأثرات کاسته بود۔ البته شاید بتوان گفت اثرات کم شده بود، اما هیچ وقت پایان نیافت و وقتی فرصتی یافت چنان خودنمایی کرد که آزاد هیچگاه نتوانست از آن دوباره نجات یابد" ۔

۱) ۱۸۸۵ء میں یا اس سے کچھ قبل، آزاد اپنی لڑکی کی موت سے اتنے متاثر ہوئے تھے کہ ہوش مندوں کو جنون کا شبہ گزرتا تھا۔

۲) آزاد کی دیوانگی کا سبب اپنے چہیتے اور لاڈلے بیٹے کا انتقال تھا۔اب یہ کہا جاسکتا ہے کہ یہی مسلسل اور متواتر صدموں، مایوسیوں اور ناکامیوں نے انھیں مجنون بنا کر چھوڑا۔

۳) سیر و سیاحت اور تصنیف و تالیف کی مصروفیات نے جنون کے اثرات بہت کم کردیے تھے۔

۴) جنون کے اثرات ضرور کم ہوگئے تھے، لیکن کبھی ختم نہ ہوئے، اور موقع پاتے ہی اس شدت سے رونما ہوئے کہ آزاد کو پھر ان سے نجات نہ مل سکی۔

۱۱۵۔ذیل کی عبارات کا صحیح اردو ترجمہ کونسا ہے؟

"حدود دوازده نفر از کسانی که نیروهای امنیتی انگلیس را متهم به همکاری در شکنجه خود کرده اند، میلیونها دلار به عنوان غرامت از دولت انگلیس دریافت خواهند کرد۔"

۱) تقریباً بارہ افراد جو برطانوی حفاظتی فوج پر اپنی ایذا دہی میں شرکت کا الزام دھرتے ہیں، برطانوی گورنمنٹ سے کئی ملین ڈالر بطور انعام وصول کریں گے۔

۲) بارہ افراد جنھوں نے برطانوی محافظ فوج پر اپنی ایذا رسانی میں مشارکت کا الزام لگایا ہے، برطانوی گورنمنٹ کو کئی ملین ڈالر بطور ہرجانہ دینے پر مجبور کیا ہے۔

۳) تقریباً بارہ افراد جنھوں نے برطانوی محافظ فوج پر اپنی ایذا دہی میں، شرکت کا الزام لگایا ہے، برطانوی گورنمنٹ سے کئی ملین ڈالر بطور ہرجانہ وصول کریں گے۔

۴) تقریباً بارہ افراد جنھوں نے برطانوی محافظ دستے پر اپنی جسمانی ایذا رسانی میں مشارکت کا الزام لگایا ہے، برطانوی گورنمنٹ کو کئی ملین ڈالر بطور ہرجانہ ادا کریں گے۔

۱۱۶۔ذیل کی تراکیب کے ترتیب سے صحیح ترجمہ کونسے ہیں؟

"سمندری ڈاکو، بحری قزاق، منازعہ، خرافات، جھوٹ کا پلندہ"

۱) وزدهای دریائی، دزدان دریائی، دعوا، خرافات، تهمت دروغ

۲) دزدهای ساحلی، دزدان دریائی، چاقوکشی، خرافات، تهمت ناروا

۳) دزدهای دریائی، دزدان دریائی، چاقوکشی، خرافات، تهمت ناروا

۴) دزدهای دریائی، دزدان دریائی، درگیری و چاقوکشی، خرافات، تهمت نادرست

۱۱۷۔صحیح ترجمے پر نشان لگائیے:

"امریکی اخباروں نے گیارہ ستمبر کے حادثے کی نویں برسی کی تقریب پر، تیری جونز نامی پادری کے قرآن پاک کو جلانے کے واقعے کی خبر کو خوب اُچھالا۔"

۱) روزنامه های امرکایی در نُهمین سالگرد واقعه یازده سپتامبر، آتش زدن قرآن کریم توسط مبلغی به نام تری جونز را محکوم کردند۔

۲) روزنامه های امرکایی در نُهمین سالگرد واقعه یازده سپتامبر خبر آتش زدن قرآن پاک توسط کشیشی به نام تری جونز را حسابی تبلیغ کردند۔

۳) رسانه های امرکایی در نُهمین سالگرد حادثه یازده سپتامبر خبر آتش زدن قرآن مجید توسط کشیشی به نام تری جونز را قویاً تکذیب کردند۔

۴) روزنامه های امرکایی در نُهمین سالگرد حادثه یازده سپتامبر، از خبر به آتش کشیده شدن قرآن مجید، به دست کشیشی تری جونز نام، بهره وری سیاسی کردند۔

PardazeshPub.com

آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست

مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد

PardazeshPub.com

۱۱۸۔ذیل کا متن پڑھ کر یہ بتائیے کہ اس کی بنابر کونسی بات صحیح ھے؟

"لیبیا کے صدر معمر قذافی نے امریکی وعدے پورے نہ ھونے پر ایٹمی مواد کی آخری کھیپ روك لی تھی۔معمر قذافی کے بیٹے،سیف الاسلام اورامریکی سفیر کے درمیان ۲۰۰۹، میں ملاقات ھوئی، جس کے بعد، امریکی سفیر نے واشنگٹن بھیجے گئے مراسلے میں کہا کہ امریکی اقدامات کی سست پیشرفت سے لیبیا تنگ آگیا ھے۔"

۱)درملاقات سفیرآمریکا باپسر معمر قذافی، آخرین بمب اتمی لیبی از توقیف خارج شد۔

۲)رئیس جمہوری لیبی وسفیرآمریکا پس از ملاقات، دستور توقیف آخرین موشک اتمی امریکا را صادر کردند۔

۳)سفیر امریکا بہ عنوان یک مسئول بلند پایہ امریکائی، بہ لیبی قول داد کہ آخرین محمولہ اتمی آن کشور را ہم متوقف خواہد کرد۔

۴)پس از ملاقاتی کہ بین سیف الاسلام فرزند معمر قذافی وسفیر آمریکا انجام شد، سفیر امریکا در یک نامہ ارسال شدہ بہ آمریکا، اعلام کرد کہ لیبی از کندی اقدامات آمریکا بہ تنگ آمدہ است۔

۱۱۹۔اس فقرے کا سب سے صحیح اردو ترجمہ کونسا ھے؟

"یك شهروند روس به نام ویکتور بوت که به قاچاق اسلحه متهم است، به تاجر مرگ معروف شده است۔"

۱)روسی باشندے وکٹر بوٹ کو جو اسلحہ کی اسمگلنگ میں ملوث ہے، موت کے سوداگر کا لقب دیا گیا ہے۔

۲)وکٹر بوٹ نامی روسی باشندہ، اسلحہ اسمگلنگ کا کاروبار کرتا ہے اور موت کے سوداگر کے نام سے مشہور ہے۔

۳)ایک روسی باشندہ وکٹر بوٹ، جس پر اسلحہ کی اسمگلنگ کا الزام ہے، موت کے سوداگر کے نام سے مشہور ہو گیا ہے۔

۴)روسی باشندے، وکٹر بوٹ کو جس پر اسلحہ اسمگل کرنے کا الزام ہے، موت کے سوداگر کے نام سے پوری دنیا میں پہچانا جاتا ہے۔

۱۲۰۔ذیل کے فقرے کا صحیح اردو ترجمہ کونسا ھے؟

"دانشمندان مؤفق به فیلم برداری از یك نوع ماهی نایابی شدند که سر آن کاملاً همانند شیشه شفاف است۔ دراین فیلم مغز سر این ماهی و چشم های گرد او به وضوح قابل مشاهده است۔"

۱)عالموں نے ایک ایسی مچھلی دریافت کر لی ہے، جس کے سر میں شفاف شیشہ موجود ہے اور اس کے اندر اس کا دماغ اور گول آنکھیں موجود ہیں۔

۲)سائنسدانوں نے ایک ایسے مگرمچھ کو دریافت کر لیا ہے جس کے سر کے شیشے کے پیچھے سے دماغ اور آنکھیں آسانی سے مشاہدے کے قابل تھیں۔

۳)سائنسدانوں نے ایک ایسی نایاب مچھلی کو صید کر لیا ہے، جس کے سر کا شیشہ بہت شفاف ہے اور اس میں سے اس کا دماغ اور آنکھیں واضح طور پر نمایاں ہیں۔

۴)سائنسدانوں نے ایک ایسی نایاب مچھلی کی ویڈیو بنالی ہے جس کا سر مکمل طور پر کانچ کی طرح شفاف ہے۔ویڈیو میں اس مچھلی کے سر میں دماغ اور گول آنکھیں واضح انداز میں دیکھا جا سکتا ہے۔

PardazeshPub.com

آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست

PardazeshPub.com
انتشارات پردازش
PardazeshPub.com